نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

<u>پنجاب کلین ایئر پروگرام کے تحت جدید سپر سیڈر/ پاک سیڈر کی سبسڈی پر فراہمی کیلئے کاشتکاروں سے درخواستیں مطلوب</u>

لاہور:**30اپریل2026**:(   ) ترجمان محکمہ زراعت پنجاب کے مطابق وزیر اعلیٰ پنجاب کے ویژن کے تحت فضائی آلودگی کے خاتمے اور ماحول دوست کاشتکاری کے فروغ کے لیے پنجاب کلین ایئر پروگرام کے تحت صوبہ کے 35 اضلاع (لاہور، قصور، شیخوپورہ، ننکانہ صاحب، گوجرانوالہ، حافظ آباد، وزیرآباد، گجرات، منڈی بہاؤالدین، سیالکوٹ، نارووال، چنیوٹ، فیصل آباد، جھنگ، ٹوبہ ٹیک سنگھ، سرگودھا، خوشاب، میانوالی، بھکر، اوکاڑہ، ساہیوال، پاکپتن، ملتان، خانیوال، وہاڑی، لودھراں، بہاولپور، بہاولنگر، رحیم یار خان، راجن پور، ڈی جی خان، لیہ، کوٹ ادو، مظفر گڑھ اور اٹک) میں 60فیصد سبسڈی پر سپر سیڈر/ پاک سیڈر کی کاشتکاروں کو فراہمی کیلئے درخواستیں مطلوب ہیں۔اس ضمن میں درخواست گزار کم از کم 65 ہارس پاور کے ٹریکٹر کا مالک ہو۔کاشتکار نے پاک سیڈر/ سپر سیڈر کیلئے کسی بھی ضلع سے اس سے قبل سبسڈی حاصل نہ کی ہو۔ایک خاندان کا ایک ہی فرد اس سبسڈی کیلئے اہل ہوگا۔اس کے علاوہ سبسڈی کا اہل دوسرے کاشتکاروں/ سروس پروائیڈرز کو کرایہ پر مشینری دینے کا پابند ہوگا۔مزید براں، الاٹمنٹ لیٹر کے اجراء کے 10 دن کے اندر منظور شدہ فرموں/ کمپنیوں کے پاس بکنگ کرانا لازمی ہوگا۔

ترجمان محکمہ زراعت پنجاب نے مزید کہا کہ خواہشمند کاشتکار درخواست فارم محکمہ زراعت پنجاب کی ویب سائٹ www.agripunjab.gov.pk سے ڈاؤن لوڈ کر سکتے ہیں یا متعلقہ مرکز کے زراعت آفیسر (توسیع) یا متعلقہ تحصیل کے اسسٹنٹ ڈائریکٹر زراعت (توسیع) یا متعلقہ اضلاع کے اسسٹنٹ ڈائریکٹر زرعی انجینئرنگ کے دفاتر سے مفت حاصل کر سکتے ہیں۔مکمل درخواست فارم بمعہ شناختی کارڈ کی فوٹو کاپی، ٹریکٹر کی ملکیت کے ثبوت سمیت 15 جون 2026 تک متعلقہ مرکز کے زراعت آفیسر (توسیع) یا متعلقہ تحصیل کے اسسٹنٹ ڈائریکٹر زراعت (توسیع) یا متعلقہ اضلاع کے اسسٹنٹ ڈائریکٹر زرعی انجینئرنگ کے دفاتر میں جمع کرائی جا سکتی ہیں

☆☆☆☆